⇦⇦⇦ آٹھ مفید نکات جو آپ کو جاننا چاہئے ⇦⇦⇦

1. ان خدمات کی خرید میں ذہانت سے کام لیں جن کا بل آپ کے فون بل میں بھیجا جاتا ہے ۔

آپ کی فون کمپنی آپ کو آئٹمز یا خدمات (جیسے "apps," یا طویل دوری کی کال کرنے کے پلانز) دیگر کمپنیوں سے حاصل کرنے کی اجازت دے سکتی اور ان کا بل آپ کے فون بل میں بھیج سکتی ہے۔ انہیں تیسرے فریق کی خدمات کہا جاتا ہے۔

خریدنے سے قبل اس بات کو یقینی طور پر سمجھ لیں کہ، آپ کیا خرید رہے ہیں، اس کی قیمت کیا ہے، اور اس پر عائد شرائط کیا ہیں۔ معلوم کرلیں کہ آیا یہ یکمشت خرید ہوگی یا ماہانہ ادائیگیوں کے ساتھ چلتی رہے گی ۔

جب آپ اپنی فون سروس ترتیب دیں تو، آپ کی فون کمپنی کو یہ وضاحت کردینی چاہیے کہ آپ تیسرے فریق کی ان زیادہ تر چارجز کو مسدود کرسکتے ہیں جو آپ کے بل میں شامل ہوسکتی ہیں۔

2. اپنے سیل فون کے ذریعہ خدمات خریدنے کے محفوظ طریق کار۔

اپنے سیل فون کی مدد سے خدمات خریدنا کسی آن لائن بازار سے ایک "app" منتخب کرنے اور "خریدیں" کا لفظ دبانے جیسا آسان ہوسکتا ہے۔

a. خریدنے سے قبل، ہدایات پر پوری طرح سے عمل کریں اور پوری اسکرین کے نیچے تک اسکرول کرکے ساری معلومات پڑھیں۔

b. آپ کے ذریعہ "خریدیں" پر دبانے کے بعد، آپ سے ایک قسم سے آرڈر کی تصدیق کا جواب دیتے ہوئے ایک بار پھر پوچھا جاسکتا ہے کہ آیا آپ مصنوع خریدنا چاہتے ہیں۔

c. جتنی جلدی ہوسکے اپنی نئی خریدی ہوئی سروس کی جانچ کرلیں اور اپنے اگلے فون بل میں دیکھ لیں کہ اس کا بل صحیح صحیح بھیجا گیا ہے۔

3. انٹرنیٹ کے ذریعہ خدمات خریدنا

کچھ چیزوں کا آرڈر انٹرنیٹ سے دیا جاسکتا ہے اور اس کا بل آپ کے فون بل میں بھیجا جاسکتا ہے۔ خریدنے سے قبل آپ جو چیز خرید رہے ہیں اسے اور اس کی قیمت کو سمجھ لیں۔

4. اپنے فون کی مدد سے دوسروں کو خدمات خریدنے کی اجازت دینا

اگر آپ کسی اور (بشمول کسی بچہ) کو کوئی چیز خریدنے کے لئے اپنا سیل فون استعمال کرنے دیتے ہیں تو، آپ اس کی قیمت کے ذمہ دار ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ کوئی اور فرد آپ کے فون سے خریداریاں کرے تو، انہیں یقینی طور پر بتادیں کہ آپ کے فون سے کچھ نہ خریدیں۔

5. اپنا بل چیک کرکے یہ یقین کرلیں کہ سبھی محصولات درست تھے

جب آپ کو اپنا فون بل ملے تو، چیک کرلیں کہ آیا تیسرے فریق کی خدمات کے لئے آپ کو بل بھیجا گیا ہے۔ اگر آپ کو بل بھیجا گیا ہے تو، یقینی بنائیں کہ آپ نے یا آپ کے اجازت یافتہ کسی اور فرد نے ان خدمات کا آرڈر دیا تھا۔ یقینی بنائیں کہ ان کی صحیح قیمت لگائی گئی ہے۔ اگر آپ نے انہیں اجازت نہیں دی تھی تو، فوری طور پر اپنی فون کمپنی سے رابطہ کریں۔

6. اگر آپ کے بل میں کوئی غیر اجازت یافتہ محصول ہے تو کیا کریں – "زبردستی تھوپنا"

آپ کے بل میں کسی غیر اجازت یافتہ محصول کو "زبردستی تھوپنا" کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کے بل میں آپ کو کوئی ایسا معاوضہ نظر آتا ہے جس کی اجازت آپ نے یا آپ کے دوسرے منظور کردہ صارفین نے نہیں دی ہے تو اپنی فون کمپنی سے اسی وقت رابطہ کریں۔ جن قیمتوں سے آپ کو اختلاف ہے وہ کمپنی کو بتائیں۔ اگر آپ کے اکاؤنٹ پر ایک سے زیادہ فون نمبر ہیں تو، جس کا بل بھیجا گیا تھا اسے نشان زد کریں۔

اپنی فون کمپنی سے آپ کے سابقہ بلوں کو چیک کرنے کو کہیں تاکہ یہ تعین ہوجائے کہ وہ قیمت پہلے کب عائد کی گئی تھی ۔ اپنی فون کمپنی سے ہر اس مہینے کے لئے غیر اجازت یافتہ قیمت واپس کرنے کو کہیں جن کا بل بھیجا گیا تھا۔ نیز اپنی فون کمپنی سے انہیں مسدود کرنے کے اپنے اختیارات پر گفتگو کریں۔

متنازعہ قیمتیں آپ کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کرنے یا یہ ثابت کرنے کے لئے کہ اس قیمت کی اجازت ملی ہوئی تھی آپ کی کمپنی کے پاس 30 دنوں کا وقت ہوتا ہے۔

اگر کمپنی یہ قیمت ہٹانے پر آمادہ نہیں ہوتی ہے تو، مدد کے لئے کیلیفورنیا پبلک یوٹیلیٹیز کمیشن (CPUC) سے رابطہ کریں؛ 800-649-7570 پر کال کریں، یا CPUC کی ویب سائٹوں: www.calphoneinfo.com یا www.cpuc.ca.gov پر دستیاب شکایت فارم پُر کریں۔

7. آپ اپنے بل میں قیمتیں شامل ہونے کو مسدود کرسکتے ہیں

سبھی فون کمپنیوں کو تیسرے فریق کے بیشتر معاوضے مسدود کرنے کی مفت پیشکش کرنی چاہیے۔ آپ انہیں مسدود کر نے کے بعد بھی اپنا فون استعمال کرسکتے ہیں، لیکن تیسرے فریقوں سے آئٹموں کی خریداری نہیں کرسکتے ہیں اور انہیں اپنے اکاؤنٹ پر بل نہیں بھیجنے دے سکتے ہیں۔

مسدود کرنے کے طریق کار کے بارے میں اپنی کمپنی کو کال کریں یا اس کی ویب سائٹ دیکھیں۔ اگر آپ کے پاس ایک سے زیادہ سیل فون ہے جس کا بل آپ کے پلان کو بھیجا جاتا ہے تو، آپ کو کمپنی کو بتانا چاہیے کہ آپ کون سا فون یا کن فونز کو مسدود کرنا چاہتے ہیں۔

8. اگر آپ کے پاس پری پیڈ یا پیشگی ادائیگی والی سیل سروس ہے تو کیا کریں

پری پیڈ یا پیشگی ادائیگی والی سیل سروس دیگر اقسام کی سیل سروسز کی بہ نسبت مختلف طریقے سے کام کرتی ہے۔ ان میں سے کچھ اس طرح کی خریداریوں کے لئے آپ سے ایک مخصوص اکاؤنٹ میں رقم جمع کرنے کا تقاضہ کرتی ہیں ۔ تفصیلات کے لئے اپنی کمپنی سے رابطہ کریں۔

خود کو غیر اجازت یافتہ "تیسرے فریق کی قیمتوں" سے محفوظ کیسے رکھا جائے

ان خدمات کے بارے میں جن کا بل آپ کے فون میں بھیجا جائے گا اور کسی غیر مجاز معاوضے سے اختلاف کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید جانیں۔

calphoneinfo
California's Consumer Education Initiative

CalPhoneInfo کیلیفورنیا پبلک یوٹیلیٹیز کمیشن (CPUC) کے ذریعہ ٹیلی مواصلاتی کمپنیوں اور گاہک کی تنظیموں کے تعاون سے پیش کی جارہی ہے۔

ٹیلی مواصلات کی خدمت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے درج ذیل ویب سائٹیں ملاحظہ کریں:

www.calphoneinfo.com
www.cpuc.ca.gov
www.fcc.gov

اگر آپ کو اپنی ٹیلی مواصلاتی خدمت یا بل سے متعلق کسی تنازعہ میں مدد درکار ہے تو، سب سے پہلے اپنی فون کمپنی سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کا مسئلہ حل نہیں ہوتا ہے تو، CPUC کے کنزیومر افیئرز برانچ (شعبہ برائے امور صارفین) کو کال کریں یا اس کا الیکٹرانک شکایت فارم استعمال کریں:

800-649-7570
www.cpuc.ca.gov
www.calphoneinfo.com

Protect Yourself from Unauthorized Third Party Charges "Cramming" - August 2011 - Urdu

تیسرے فریق کی قیمتوں سے اختلاف کرنا

اگر آپ اپنے فون بل میں تیسرے فریق کی قیمتوں سے اختلاف کر رہے ہیں تو، اپنی فون کمپنی کو اسی وقت کال کریں۔ آپ کی فون کمپنی اس کمپنی سے رجوع کیے بغیر جس نے انہیں آپ کے بل میں ڈالا ہے آپ کے واسطے ان قیمتوں کا جائزہ لے گی۔

جس دوران آپ کی فون کمپنی قیمتوں کی چھان بین کر رہی ہوگی، اس دوران آپ کیلئے انہیں ادا کرنا ضروری نہیں ہوتا ہے۔ ان کے لئے آپ کو تاخیر سے ادائیگی کی فیس کا بل نہیں بھیجا جائے گا، اور آپ کا کریڈٹ اس سے متاثر نہیں ہوگا۔